Telephonic conversation between Prime Minister and President of Sri Lanka and Prime Minister of Sri Lanka

September 17, 2020

وزیر اعظم نریندر مودی اور سری لنکا کے صدر اور سری لنکا کے وزیر اعظم کے مابین ٹیلیفونک گفتگو

17 ستمبر، 2020

سری لنکا کے صدر عالی جناب گوتابایا راجپاکسہ اور سری لنکا کے وزیر اعظم جناب مہندا راجاپاکسہ نے آج وزیر اعظم کی یوم ولادت کے موقع پر پرتپاک خواہشات کے اظہار کے لئے وزیر اعظم جناب نریندر مودی سے فون پر بات چیت کی۔

سری لنکا کے دونوں رہنماؤں نے پڑوسی ممالک کے مابین تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کے لئے اپنی خواہش اور عزم کا اظہار کیا۔ انہوں نے کووڈ وبائی مرض کے خلاف مشترکہ جدوجہد سمیت دو طرفہ تعاون برقرار رکھنے کو سراہا۔

وزیر اعظم نے دونوں رہنماؤں کا ان کی نیک خواہشات پر شکریہ ادا کیا، اور کہا کہ وہ دونوں ممالک کے مابین ہندوستان کی پڑوسی پہلے پالیسی کے مطابق تعاون کو مزید بڑھانے کے لئے ان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔

نئی دہلی

17 ستمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA’s website and may be referred to as the official press release.